(1)

جناب سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن پاکستان

8/3/03/2018

جناب عالی!

عنوان: اعتراض حلقہ بندی حلقہ پی پی 72 سرگودھا I اور حلقہ پی پی 73 سرگودھا II

گزارش ہے کہ سائل سلمان سعید ولد منور احمد چک 3 شمالی تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا کا رہائشی اور ووٹر ہے (ثبوت لف ہے) ابتدائی حلقہ بندی میں ہمیں حلقہ پی پی 72 سرگودھا I میں شامل کیا گیا ہے۔

میری تجویز اور عذر درج ذیل ہے۔

1۔ یہ کہ حلقہ پی پی 72 سرگودھا I جو تحصیل بھیرہ اور قانونگوئی بھلوال II پر مشتمل ہے جسکی ٹوٹل آبادی 388465 ہے اور حلقہ پی پی 73 سرگودھا II جو تحصیل بھلوال ماسواء قانونگوئی حلقہ بھلوال II اور قانونگوئی حلقہ ماڑی ماسواء پٹوار سرکل اجنالہ جس کی کل آبادی 360836 ہے۔ اس میں دونوں حلقوں کی آبادی میں 28 ہزار کا فرق ہے۔

2۔ میری درخواست ہے کہ قانونگوئی حلقہ بھلوال II کا پٹوار سرکل چک نمبر 9 ایم ایل جسکی آبادی 10909 ہے (مردم شماری 2017) جس میں تین چکوک چک 3 شمالی چک 9 ایم ایل چک 10 ایم ایل ہیں کو حلقہ پی پی 72 سے نکال کر حلقہ پی پی 73 میں شامل کیا جائے۔ اس سے حلقہ پی پی 72 کی آبادی 377556 اور حلقہ پی پی 73 کی آبادی 371745 ہو جائے گی اس طرح دونوں حلقوں کی آبادی کا فرق 28 ہزار سے کم ہو کر تقریباً 6 ہزار رہ جائے گا۔

3۔ قانونگوئی حلقہ بھلوال II کا یہ پٹوار سرکل چک 9 ایم ایل حلقہ پی پی 72 اور حلقہ پی پی 73 کی باونڈری پر واقع ہے اس تبدیلی سے باقی علاقے اور ضلع سرگودھا کا کوئی حلقہ ڈسٹرب نہیں ہوگا۔ نقشہ پر نشان زد کر دیا گیا ہے۔ (جو لف ہیں)

4۔ اس پٹوار سرکل کی تقریباً گیارہ ہزار آبادی کے لیے اس میں سہولت یہ ہے کہ پی پی 73 کا ہیڈ کوارٹر بھلوال پانچ چھ کلومیٹر کے فاصلے پر ہے جب کہ پی پی 72 کا تحصیل ہیڈ کوارٹر بھیرہ بیس سے پچیس کلومیٹر کا فاصلہ ہے۔ ان چکوک کا تھانہ بھی بھلوال ہے اس لیے انکی شدید خواہش ہے کہ یہ تحصیل بھلوال کے ساتھ حلقہ پی پی 73 میں شامل ہوں۔

5۔ حلقہ بندی کے اصول میں کسی قانونگوئی کے کسی ایک پٹوار سرکل کا دوسرے حلقہ میں شامل ہونے کی مثال بھی موجود ہے جیسے حلقہ پی پی 73 میں ہی حلقہ قانونگوئی ماڑی کا ماسوائے پٹوار سرکل اجنالہ۔

6۔ لہذا اپیل اور درخواست ہے کہ حلقہ پی پی 72 سرگودھا I کو اس طرح لکھا جائے کہ تحصیل بھیرہ اور حلقہ قانونگوئی بھلوال II ماسواء پٹوار سرکل چک 9 ایم ایل اور حلقہ پی پی 73 سرگودھا II جو تحصیل بھلوال ماسواء قانونگوئی بھلوال II بشمول پٹوار سرکل چک 9 ایم ایل اور حلقہ قانونگوئی ماڑی ماسواء پٹوار سرکل اجنالہ۔

العارض

سلمان سعید ولد منور احمد چک 3 شمالی تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا

موبائل نمبر:۔ 0320-6042085 0300-6033533